تعارف تبصرہ کتب

کتاب: تسہیل البخاری (عربی) شیخ التفسیر والحدیث عارف باللہ مولانا عبدالہادی شاہ منصوری قدس سرہ

مرتب طبع جدید: مولانا فضل امین حقانی ضخامت: ۲۵۰ صفحات قیمت درج نہیں

ناشر: دارالتصنیف والتالیف دارالعلوم تعلیم القرآن شاہ منصور ضلع صوابی۔ سرحد

اصح الکتب بعد کتاب اللہ البخاری کو اللہ تعالیٰ نے جس قبولیت عامہ سے نوازا ہے اس کی نظیر علمی دنیا میں مشکل ہے یہی وجہ ہے کہ ہر دور میں علماء و محدثین کرام نے اس کو اپنی علمی تحقیقات کے لئے منتخب کیا اور اس وقت تک سے لے کر آج تک اس کی ہزار ہا صفحات پر مشتمل سینکڑوں کی تعداد میں شروحات مختلف زبانوں میں منصہ شہود پر آئی ہیں جن میں سبقت حافظ ابن حجر عسقلانیؒ کی فتح الباری اور حافظ بدرالدین عینیؒ کی عمدۃ القاری کو حاصل ہے اور ان کے علاوہ اور بھی کئی شروحات ہیں جن کا احصاء یہاں پر مشکل ہے۔ انہی شروحات میں ایک زیر تبصرہ کتاب تسہیل البخاری ہے۔___ شیخ التفسیر والحدیث عارف باللہ حضرت مولانا عبدالہادی صاحب شاہ منصوری قدس سرہ العزیز جن کی ساری زندگی علوم قرآنیہ اور سنت نبویہ علی صاحبہا الف الف تحیۃ کی ترویج و تبلیغ میں گزری اور ۶۳ سال تک حسبۃ للہ اپنے گاؤں کی مسجد میں ترجمہ و تفسیر قرآن کے ساتھ ساتھ دورۂ موقوف علیہ اور دورۂ حدیث تن تنہا طلبہ کو پڑھاتے رہے۔ طلبہ کی سہولت کی خاطر آپ نے بعض منتہی کتابوں مثلاً بخاری شریف، ترمذی شریف اور مشکوۃ المصابیح جیسی کتابوں کی مختصر مگر جامع ترین شروحات تحریر فرماویں، جو اپنی افادیت اور جامعیت کے لحاظ سے انتہائی اہمیت کی حامل ہیں۔ انہی تسہیلات میں ایک تسہیل البخاری بھی ہے کئی سال پیشتر یہ کتابیں معرض وجود اور منصہ شہود پر آئی تھیں اور عرصہ سے ناپید تھیں۔ ضرورت اس بات کی تھی کہ یہ کتابیں دوبارہ نئی آب و تاب اور دیدہ زیب طباعت کے ساتھ شائع ہوں تاکہ طلباء اور علمی دنیا اس سے مستفید اور مستفیض ہو سکے۔ چنانچہ خدا بھلا کرے جناب مولانا فضل امین حقانی صاحب کا کہ انہوں نے اس کی طباعت جدیدہ کا بیڑہ اٹھایا اور کمپیوٹر کتابت دیدہ زیب طباعت اور قیمتی کاغذ سے یہ نایاب سوغات علمی دنیا کے سامنے پیش کیا___ کتاب کی ابتداء میں آپ کے فرزند شیخ القرآن حضرت مولانا انورالہادی صاحب مدظلہ کا کلمۃ التشکر کے عنوان سے بیش قیمت پیش لفظ ہے اس کے بعد دارالعلوم کراچی کے استاذ عربی شیخ محمود تیونسی نے النور البادی فی ترجمۃ الشیخ عبدالہادیؒ کے زیر عنوان عربی زبان میں انتہائی بلیغانہ رنگ میں آپکے حالات زندگی اور سوانح حیات تحریر کی ہیں۔ جس سے کتاب کی جامعیت اور افادیت میں مزید اضافہ ہوا ہے۔ طبع جدید کے